# 05-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔محکمہ تعلیم میں جامع اصلاحات لانے کی ہے ضرورت۔شلپا کلا ویدیکا میں یوم اساتذہ تقریب سے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کا خطاب۔

۲۔تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ حکومت 2047ء تک ریاست میں تین ٹریلین معیشت بنانے کیلئے منصوبہ کو دے رہی ہے قطعیت۔

۳۔تلنگانہ ریاست تجارت اور سرمایہ کاری کیلئے ایک اہم مقام ہے۔ریاستی وزیر سریدھر بابو نے کیا دعویٰ۔

۴۔حضور اکرم ﷺ کے 1500 ویں جشن میلاد کے موقع پر ریاست بھر میں روح پرور محافل اور جلسہ سیرت النبیؐ منعقد کئے جارہے ہیں اور عید میلاد کو بڑے پیمانے پر منایا جارہا ہے۔

## Revanth Reddy

حیدرآباد کے شلپا کلا ویدیکا میں یوم اساتذہ تقریب منعقد ہوئی۔اس موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاستی سطح پر بہترین خدمات انجام دینے والے اساتذہ کو ایوارڈ سے نوازا۔اس موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ محکمہ تعلیم میں جامع اصلاحات لانے کی ضرورت ہے۔ریاست میں نئی تعلیمی پالیسی پر عمل کیلئے حکومت سنجیدہ ہے۔انہوں نے کہا کہ محکمہ تعلیم ایک اہم محکمہ ہے اس لئے وہ خود اس محکمہ کی نگرانی کررہے ہیں اور ہر مسئلہ کو حل کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ علیحدہ تلنگانہ کی تشکیل میں اساتذہ کا اہم رول ہے۔سرکاری اساتذہ کو ذمہ داری کے ساتھ طلبہ کو معیاری تعلیم فراہم کرنے پر زور دیا۔انہوں نے مزید کہا کہ اس تعلیمی سال میں ریاستی حکومت اور اساتذہ کی کوششوں سے تین لاکھ طلبہ سرکاری اسکولوں میں داخلہ لئے ہیں۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ خانگی اساتذہ سے زیادہ سرکاری اساتذہ میں تدریسی اسکلس زیادہ پائے جاتے ہیں۔ لہٰذا انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ پوری ذمہ داری کے ساتھ طلبہ کو تعلیم فراہم کریں۔

Sircilla

سرسلہ ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھانے کہا کہ ضلع میں گنیش نمرجن کیلئے تمام تر انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ انہوں نے ضلع ایس پی مہیش بی گیتے کے ساتھ گنیش نمرجن کے انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے گنیش نمرجن کے پر امن انعقاد کیلئے تعاون کرنے ،عوامی نمائندوں ،عقیدتمندوں اورعوام پر زور دیا۔ انہوں نے گنیش نمرجن کیلئے تمام محکمہ جات کے عہدیداروں کو آپسی تال میل کے ساتھ کام کرنے کی بھی ہدایت دی۔

FTCCI

جی ایس ٹی اصلاحات کی تلنگانہ کمرشیل انڈسٹرئیل کی تنظیم نے خیر مقدم کیا۔حیدرآباد میں ایف ٹی سی سی آئی کے صدر آر روی کمار نے جی ایس ٹی اصلاحات پر خوشی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ جی ایس ٹی اصلاحات سے اشیائے ضروریہ کے استعمال میں اضافہ ہوگا۔

Sound Byte Ravi Kumar

Bhatti Vikramarka

تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ حکومت 2047ء تک ریاست میں تین ٹرلین معیشت بنانے کے لئے ایک منصوبہ کو قطعیت دے رہی ہے۔حیدرآباد کے گچی باؤلی میں انڈین اسکول آف بزنس میں منعقدہ ایک تقریب سے انہوں نے خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ رائزنگ 2047ء کے نعرے کے ساتھ حکومت آگے بڑھ رہی ہے۔تمام محکمہ جات سے حکومت تعاون حاصل کررہی ہے اوراس کے علاوہ تعلیمی شعبہ کیلئے حکومت سب سے زیادہ فنڈ مختص کی ہے۔انہوں نے ریاست میں ارکانِ اسمبلی، ارکانِ قانون ساز کونسل کو آئی ایس بی میں پانچ روزہ خصوصی ٹریننگ پروگرام کو منعقد کرنے پر زور دیا۔

Sridhar Babu

ریاستی وزیر سریدھر بابو نے ساؤتھ انڈیان انٹرنیشنل ویکنڈ دبئ 2025ء کے تحت یونائیٹڈ عرب ایمریٹس میں منعقد ہوئے ساؤتھ انڈین بزنس اچیورس ایوارڈ تقریب میں بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ تلنگانہ ریاست تجارت اور سرمایہ کاری کیلئے ایک اہم مقام ہے۔انہوں نے گلف کے سرمایہ کاروں اور تارکین وطن سے ریاست میں سرمایہ کاری پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ ملک کی جی ڈی پی میں تلنگانہ کا فیصد پانچ فیصد سے زیادہ ہے۔جی ایس ڈی پی ریٹ گزشتہ مالیاتی سال میں 8.2 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔گزشتہ 18 مہینوں میں ریاست ایرواسپیس لاجیسٹک مصنوعی ذہانت، لائف سائنس جیسے شعبہ جات میں 3.98 لاکھ کروڑ روپے سرمایہ کاری کوراغب کرچکی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ریاست میں سرمایہ کاری کرنے والے سرمایہ کاروں کوریاستی حکومت مکمل تعاون فراہم کرے گی۔

Uttam Kumar Reddy

تلنگانہ کے وزیر اتم کمار ریڈی سے ڈنمارک کے سفیر راسماس کرسٹین سن نے ملاقات کی۔اس موقع پر اتم کمار ریڈی نے کہا کہ دنیا میں ترقی یافتہ شہروں سے حیدرآباد مسابقت کررہا ہے۔گلوبل سٹی کے طور پر حیدرآباد ترقی کی بلندیوں کی طرف آگے بڑھ رہا ہے۔انہوں نے انفارمیشن تکنالوجی، فارما کے شعبہ جات میں سرمایہ کاری کے مواقعوں سے ڈنمارک کے سفیر کو واقف کروایا اور کمرشیل صنعتی میدان میں ہندوستان۔ڈنمارک ممالک کے درمیان تعلقات کی مزید مضبوطی کیلئے نیک تمناؤ کا بھی اظہار کیا۔

Hyderabad ganesh nimarjan

حیدرآباد کے ٹینک بنڈ پر کل گنیش نمرجن کیلئے ریاستی حکومت نے تمام تر انتظامات مکمل کرلئے ہیں اور کسی بھی پریشانی سے بچنے کے لئے اقدامات کئے گئے ہیں۔ بھاری تعداد میں پولیس کوتعینات کیا گیا ہے۔ گنیش نمرجن کیلئے کرینوں کو بھی متعین کیا گیا۔گنیش نمرجن کے ضمن میں جی ایچ ایم سی کمشنر نے عوام کو

ہدایت دی کہ وہ گنیش نمرجن کیلئے قطار میں ٹھہرے رہیں اور پولیس کی جانب سے دئے گئے احکامات پر عمل کرنے کا مشورہ دیا اور ٹرافک ڈائیورشن راستوں کو ہی اپنانے پر زور دیا۔ایمرجنسی حالات میں 100 اور 108 پر رابطہ کرنے کی ہدایت دی اور گنیش نمرجن کے دوران دونوں شہروں میں ٹرافک کے مسائل سے بچنے کیلئے پولس نے احتیاطی تدابیر اختیار کی ہیں۔آر ٹی سی حکام نے بتایا کہ عقیدت مندوں کے لیے ٹانک بند تک 600 خصوصی بسیں چلائی جائیں گی۔اس کے علاوہ کل حیدرآباد میں میٹرو ٹرینوں کے اوقات میں توسیع کردی گئی ہے۔پہلی ٹرین کل صبح 6 بجے تمام ٹرمینلز سے روانہ ہوگی اور آخری ٹرین رات ایک بجے روانہ ہوگی۔

Hyderabad Revanth Reddy

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے خیریت آباد پر واقع شری وشواشانتی مہاشکتی گنیش مورتی کی پوجا کی۔ اِس موقع پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت ریاست میں تمام گنیش منڈپوں کو مفت بجلی سربراہ کررہی ہے۔ایسی مثال ملک کے دیگر ریاستوں میں نہیں ملتی۔انہوں نے کہا کہ 71 سال قبل ایک فٹ بلند گنیش مورتی کے ساتھ خیریت آباد اتسو کمیٹی نے اس تقریب کا آغاز کیا تھا اور ہر سال گنیش تقاریب کو انتظامیہ کی جانب سے بڑے پیمانے پر منایا جارہاہے۔اس موقع پر انہوں نے گنیش منڈپ کے ذمہ داروں کو مبارکباد بھی دی۔

Teacher Day Round up

والدین کے بعد سماج میں اساتذہ کا اہم رول ہوتا ہے۔ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے یہ بات کہی۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر سروے پلی رادھا کرشنن نے ٹیچر کے عہدہ سے ترقی کرتے ہوئے صدر جمہوریہ کے عہدہ پر فائز ہوئے۔ ان کی زندگی عوام کیلئے ایک آئیڈیل ہے۔انہوں نے یوم اساتذہ کے ضمن میں نلگنڈہ میں بہترین خدمات انجام دینے والے اساتذہ کو تہنیت بھی پیش کی۔کمرۂ جماعت میں ہی ملک کا مستقبل ہے۔سماج کیلئے اساتذہ ایک رول ماڈل ہوا کرتے ہیں۔ورنگل میں جی

سدارانی نے یہ بات کہی۔ڈاکٹر سروے پلی رادھا کرشنن کی یوم پیدائش کے موقع پر انہوں نے اساتذہ کو تہنیت پیش کی۔ یوم اساتذہ کے موقع پر ملگ ضلع کلکٹریٹ میں یوم اساتذہ کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ اس تقریب میں ضلع کلکٹر دیوا کرٹی ایس نے شرکت کی اور ضلع میں بہترین خدمات انجام دینے والے اساتذہ کوایوارڈ سے نوازا۔یادادری بھونگیر ضلع میں ضلع کلکٹر ہنمنت راؤ نے ایوارڈ سے نوازا۔اس موقع پر کلکٹر نے بعد کرتے ہوئے کہا کہ سماج کی تعمیر میں اساتذہ کا اہم رول ہوتا ہے کیونکہ اساتذہ ہی قوم کے معمار ہوتے ہیں۔آصف آباد ضلع میں محکمہ تعلیم کی جانب سے یوم اساتذہ کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔اس موقع پر بہترین خدمات انجام دینے والے اساتذہ کوایوارڈ سے نوازا گیا۔

eid milad un nabi

حضور اکرم ﷺ کے 1500 ویں جشنِ میلاد کے موقع پر ریاست بھر میں روح پرور محافل اور جلسہ سیرت النبیؐ منعقد کیئے جارہے ہیں۔ زیارتِ آثارِ مبارک، خطبہ میلاد اور دیگر دینی اجتماعات بھی منعقد کیئے جارہے ہیں اور دینی اجتماعات کے ذریعہ مسلمانوں کو حضرت محمدؐ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کا علمائے کرام نے مشورہ دیا۔علماء نے کہا کہ دنیا وآخرت کی کامیابی اسلامی تعلیمات پر عمل کے ذریعہ ہی ممکن ہے۔آج عید میلاد النبیؐ کے موقع پر شہر کے مختلف مقامات پر خون کے عطیہ کیمپ کا بھی اہتمام کیا جارہا ہے تاکہ ضرورتمندوں کو خون فراہم کیا جاسکے۔

○○